Gujranwala Board-2024-G-1

رول نمبر اُمیدوار : ______________

اُردو (لازمی) پہلا گروپ (1st A 424-II) انٹرمیڈیٹ پارٹ-II، کلاس 12th pakcity.org پرچہ II

وقت: 20 منٹ معروضی ...... Code: 8023 مارکس: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1. (الف) درست جواب کا انتخاب کیجیے: (5)

1 - " نیرنگِ خیال " سے آپ کی نصابی کتاب کا جو سبق ماخوذ ہے

(A) نواب محسن الملک (B) محنت پسند خردمند (C) دستک (D) ایوب عباسی

2 - انیسویں صدی میں بہار میں جس مسلم تحریک نے جنم لیا

(A) ریشمی رومال تحریک (B) جہادی تحریک (C) فرائضی تحریک (D) مسلم تحفظ موومنٹ

3 - سرسید کی وفات کے بعد علی گڑھ کالج کا سیکرٹری جسے بنایا گیا

(A) نواب وقارالملک (B) نواب احسان الملک (C) نواب ظہورالملک (D) نواب محسن الملک

4 - چراغ حسن حسرت کولمبس اور سندباد جہازی کے قلمی ناموں سے جو کالم لکھا کرتے تھے

(A) سنجیدہ کالم (B) سیاسی کالم (C) مذہبی کالم (D) فکاہیہ کالم

5 - ابتدائی مسلمان حکمرانوں نے پیغام رسانی کے لیے جو جداگانہ محکمہ قائم کیا تھا

(A) دیوان الشرید (B) دیوان البرید (C) دیوان الجرید (D) دیوان الفرید

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے: (5)

6 - اسلم ______ بیوی بچے آگئے۔

(A) کی (B) کے (C) کا (D) کیں

7 - بہت سی جاگیریں بنوامیہ کی طرف سے عنایت ______ ۔

(A) ہوئی تھی (B) ہوئی تھیں (C) ہوئیں تھیں (D) ہوئے تھے

8 - " تعزیراتِ پاکستان " چھپ ______ ۔

(A) گئے ہیں (B) گئی ہے (C) گیا ہے (D) گئیں ہیں

9 - ہمیشہ سچ بولو ______ شرمندگی سے بچے رہو۔

(A) تاکہ (B) اگر (C) کیونکہ (D) چونکہ

10 - چونکہ اسلم بیمار ہے ______ آج کالج نہیں آیا۔

(A) اس لیے (B) اگرچہ (C) تاکہ (D) مگر

(ج) رموزِ اوقاف کو ملحوظ رکھتے ہوئے، درست جواب کا انتخاب کیجیے: (5)

11 - سب سے مختصر ٹھہراؤ کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے

(A) رابطہ (B) تفصیلیہ (C) وقفہ (D) سکتہ

12 - استفہامیہ کی تعریف ہے

(A) جملے کی وضاحت (B) پکارنا (C) تفصیل سے بیان کرنا (D) سوال کرنا

13 - قوسین کی علامت لگاتے ہیں

(A) مختصر ٹھہراؤ کے لیے (B) جملہ معترضہ کے شروع اور آخر میں (C) قول نقل کرنا (D) طویل ٹھہراؤ کے لیے

14 - حیرت کا اظہار کرنے کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے

(A) ؛ (B) :- (C) : (D) !

15 - وقفہ کی تعریف ہے

(A) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ (B) سکتہ سے کم ٹھہراؤ (C) ختمہ سے زیادہ ٹھہراؤ (D) مکمل ٹھہراؤ

(د) امدادی اَفعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجیے: (5)

16 - لگنا

(A) وہ مجھے اچھا لگتا ہے (B) مجھے بھوک لگی ہے (C) تمھیں سیر کیسی لگی (D) گیند دیوار سے جا لگی

17 - اٹھنا

(A) میں صبح سویرے اٹھ بیٹھا (B) وہ مجھے دیکھتے ہی اُٹھ گیا (C) اسلم کو کلاس سے اٹھا دو (D) وہ درد کی شدت سے بلبلا اٹھا

18 - جانا

(A) تم فوراً جاؤ (B) مجھے سکول جانا ہے (C) کیا ہم جائیں (D) تم یہاں سے چلے جاؤ

19 - چاہنا

(A) تم کسے چاہتے ہو؟ (B) تم کیا چاہتے ہو؟ (C) بزرگوں کا ادب کرنا چاہیے (D) چاہنا کوئی بری بات نہیں

20 - رکھنا

(A) قلم کہاں رکھا ہے؟ (B) کتاب میز پر رکھ دو (C) مجھے روزہ رکھنا ہے (D) تم نے اسے سر پر بٹھا رکھا ہے

305-(II)-1st A 424-71000

www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

اُردو (لازمی) | پہلا گروپ | (1st A 424) انٹرمیڈیٹ پارٹ-II، کلاس 12th | پرچہ II

وقت: 2:40 گھنٹے | انشائی | مارکس: 80

pakcity.org

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1=10)

سراپا مَعصِیَت میں ہوں، سراپا مغفرت وہ ہے ...... خطا کوشی روش میری، خطا پوشی ہے کام اس کا
مری افتادگی بھی میرے حق میں اس کی رحمت تھی ...... کہ گرتے گرتے بھی میں نے لیا دامن ہے تھام اُس کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3+3+3+1=10)

نہ تخت و تاج میں، نے لشکر و سپاہ میں ہے ...... جو بات مردِ قلندر کی بارگاہ میں ہے
صنم کدہ ہے جہاں اور مردِ حق ہے خلیلؑ ...... یہ نکتہ وہ ہے کہ پوشیدہ لا اِلٰہ میں ہے
وہی جہاں ہے ترا جس کو تُو کرے پیدا ...... یہ سنگ و خِشت نہیں جو تری نگاہ میں ہے

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنّف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) ہم بادشاہوں اور سالاروں کے لیے نہیں لڑتے۔ ہم خدا کے لیے لڑتے ہیں۔ بادشاہوں اور سالاروں پر بھروسا کرنے والے ان کی موت کے بعد مایوس ہو سکتے ہیں لیکن ہمارا خدا ہر وقت موجود ہے۔ قرآن میں ہمارے لیے اس کے احکام موجود ہیں۔ میں دعا کرتا ہوں کہ خدا مجھے قوم کے لیے رستم نہ بنائے بلکہ مجھے مثنیٰؓ بننے کی توفیق دے جن کی شہادت نے ہر مسلمان کو جذبۂ شہادت سے سرشار کر دیا تھا۔

(ب) میری بوڑھی زبان سے اللہ تعالیٰ کا عفو و رحم کئی بار بولا لیکن ہر بار اس نے سننے والے کانوں کو بہرہ پایا۔ پر اب کی بار میری اِلتجا سُن لیجیے یا مجھے ہمیشہ کے لیے خاموش کر دیجیے۔ میرے حضور! یہ وہ بدنصیب بول رہی ہے جس نے مجرم کی ماں کے اٹھ جانے کے بعد اپنی اولاد کی طرح اسے کلیجے سے لگایا۔ میرے حضور! خود آپ نے اسے مجھے دے ڈالا تھا۔ میں تھی جس نے اسے زندگی دی اور توانائی بخشی کہ وہ بڑھ کر مرد بن جائے۔

(ورق اُلٹیے)

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنّف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1 =10)

(i) مناقبِ عمر بن عبدالعزیزؒ (ii) مولانا ظفر علی خاں

5 - حفیظ تائب کی نظم " نعت " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) اِتحادِ اُمتِ مُسلمہ (ii) منشیات ایک لعنت (iii) مہنگائی، اسباب اور اثرات

7 - سابق طالب علم کی حیثیت سے پرنسپل کے نام خط لکھیے جس میں کالج کی فلاح و بہبود کے لیے ٹھوس تجاویز دی گئی ہوں۔ (10)

305-1st A 424-71000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

رول نمبر اُمیدوار : ______________

اُردو (لازمی) دوسرا گروپ (1st A 424-II) انٹرمیڈیٹ پارٹ-II، کلاس 12th پرچہ II

pakcity.org

وقت: 20 منٹ معروضی Code: 8024 ...... مارکس: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

.1 (الف) درست جواب کا انتخاب کیجیے: (5)

1- حج کے لیے بھوپال کی بیگم نے مسکینوں کو ساتھ لیا
(A) دو سو (B) تین سو (C) چار سو (D) پانچ سو

2- فرائضی تحریک نے جنم لیا
(A) بہار (B) کلکتہ (C) بنارس (D) دِلّی

3- سبق نواب محسن الملک کا ماخذ ہے
(A) آثار الصنادید (B) چند ہم عصر (C) مقدمات عبدالحق (D) تنقیدات عبدالحق

4- کابل کا موسم خراب ہونے کی وجہ سے ابن انشاء کو اترنا پڑا
(A) لاہور (B) اسلام آباد (C) ملتان (D) پشاور

5- سبق مولانا ظفر علی خان میں حکیم کا ذکر ہوا
(A) اجمل خان (B) حکیم لقمان (C) حکیم فقیر محمد چشتی (D) حکیم سعید

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے: (5)

6- میں نے آج کا اخبار نہیں ______ ۔
(A) پڑھا (B) پڑھے (C) پڑھی (D) پڑھیں

7- اسلم نہیں آسکا ______ وہ بیمار تھا۔
(A) کیوں کہ (B) اس لیے (C) بلکہ (D) اگرچہ

8- میری تنخواہ بڑھا دو ______ میں کام چھوڑ دوں گا۔
(A) مگر (B) اگرچہ (C) ورنہ (D) اگر

9- کامیابی اور ناکامی اللہ کے ہاتھ میں ______ ۔
(A) ہوتے ہیں (B) ہوتا ہے (C) ہوتی ہے (D) ہوتی ہیں

10- باپ بیٹا گھر پہنچ ______ ۔
(A) گیا (B) گئے (C) گئی (D) گئیں

(ج) رموزِ اوقاف کو ملحوظ رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے: (5)

11- ختمہ کی علامت لگائی جاتی ہے
(A) سوال کرنے پر (B) حیرت کے اظہار کے لیے (C) فقرے کی تکمیل پر (D) وضاحت کے لیے

12- واوین کی علامت ہے
(A) ( ) (B) " " (C) ؟ (D) :-

13- ! علامت ہے
(A) ندائیہ (B) سوالیہ (C) ختمہ (D) وقفہ

14- رابطہ کا دوسرا نام ہے
(A) وقفِ لازم (B) وقفِ خفیف (C) وقفِ مطلق (D) استفہامیہ

15- سب سے مختصر ٹھہراؤ کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے
(A) وقفہ (B) سوالیہ (C) سکتہ (D) رابطہ

(د) امدادی اَفعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجیے: (5)

16- ڈالنا
(A) خط لیٹر بکس میں ڈال دینا (B) بچے نے کتاب پھاڑ ڈالی (C) مصیبت میں نہ ڈالو (D) برتن میں دودھ ڈال دو

17- جانا
(A) مجھے ملتان جانا ہے (B) وہ اسلام آباد گیا (C) اسلم نے لاہور جانا ہے (D) علی گھر چلا گیا

18- دینا
(A) مجھے کتاب دینا (B) اس نے مجھے رقم دی (C) اکرم کو کتاب دے دینا (D) اس نے مجھے تحفہ دیا

19- چکنا
(A) سورج ڈوب چکا ہے (B) اسے چک پڑ گئی (C) سالن کو چکھو (D) میرا حساب چکا دو

20- رہنا
(A) تم میرے پاس رہو (B) علی لاہور رہتا ہے (C) خوش رہا کرو (D) وہ ملتان رہ رہا ہے

306-(II)-1st A 424-65000

www.pakcity.org

Gujranwala Board-2024-G-2

اردو (لازمی) | دوسرا گروپ | (1st A 424) انٹرمیڈیٹ پارٹ-II، کلاس 12th | پرچہ II

وقت: 2:40 گھنٹے | انشائی | مارکس: 80

pakcity.org

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1=10)

نشاں ہلال نُما راہ میں بتاتے ہیں ...... کہ تھوڑی دور پہ آگے سوار جاتے ہیں

غبارِ راہ نشاں ہے کسی تگ و پو کا ...... یقین ہوتا ہے نقشِ قدم سے رہرو کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3+3+3+1=10)

عشرتِ قتل گہ اہلِ تمنا مت پوچھ ...... عید نظارہ ہے شمشیر کا عُریاں ہونا

لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط ...... تُو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا

عشرتِ پارۂ دل، زخمِ تمنا کھانا ...... لذتِ ریشِ جگر، غرقِ نمکداں ہونا

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) مقامِ افسوس یہ ہے کہ اس بدنیت نحس قدم کے آنے سے ملکِ فراغ کا رنگ بالکل بدل گیا۔ یعنی انواع واقسام کی حاجتوں نے لوگوں کو آن گھیرا۔ سال میں چار موسم ہوگئے، زمین بنجر ہوگئی، میوے کم ہونے لگے۔ ساگ پات اور موٹی قسم کے نباتات پر گزران ٹھہری۔ خزاں کے موسم میں کچھ بُرے بھلے اناج بھی پیدا ہونے لگے لیکن جاڑے نے بالکل لاچار کر دیا، کبھی کبھی قحط سالی کا ٹِڈی دَل چڑھ آتا۔

(ب) الٰہی! آج کا آفتاب یہ کیا دیکھ رہا ہے؟ آج کی روشنی میں یہ کیا ہو رہا ہے؟ ربّ العالمین! تو خود اپنی آنکھیں بند کر لے۔ مت دیکھ۔ بیٹے کو باپ کے ہاتھ سولی دینے کو ہیں۔ تیری دنیا میں کبھی یوں بھی ہوا تھا؟ ارے دیکھو تو! ارے دیکھو تو! میرا بچہ ہاتھ چُوم رہا ہے، میرا بچہ ہاتھ اپنی آنکھوں سے لگا رہا ہے۔ اس شخص کے جو اُسے سولی پر چڑھانے کو ہے۔ جلدی ارے جلدی میرے رب! اس کی روح کو جھٹ اپنے دامنِ رحمت میں لے لینا۔

(ورق اُلٹیے)

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1 =10)

(i) اکبری کی حماقتیں (ii) ایک سفرنامہ جو کہیں کا بھی نہیں ہے

5 - سید ضمیر جعفری کی نظم " آدمی " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) محسنِ انسانیت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم (ii) دفاعِ وطن (iii) مسئلہ فلسطین

7 - ایک پرانی موٹر سائیکل کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔ (10)

306-1st A 424-65000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

رول نمبر اُمیدوار:.....................

اُردو (لازمی) — پہلا گروپ — (1st A 423-I) انٹرمیڈیٹ پارٹ-II، کلاس 12th — پرچہ II

وقت: 20 منٹ — معروضی ...... Code: 8021 — مارکس: 20

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

pakcity.org

**.1 (الف)** درست جواب کا اِنتخاب کیجئے: (5)

1- نواب محسن الملک نے حیدر آباد دکن میں محکمہ قائم کیا
(A) ڈاک (B) مال گزاری (C) بندوبست (D) فنانس

2- سبق "مولانا ظفر علی خان" جس کتاب سے ماخوذ ہے
(A) چند ہم عصر (B) مردم گزیدہ (C) گنج ہائے گراں مایہ (D) دھنک پر قدم

3- مولوی نذیر احمد جسے توشۂ آخرت سمجھتے تھے
(A) مراۃ العروس (B) ترجمۃ القرآن (C) ابن الوقت (D) توبۃ النصوح

4- مسلمان حکمرانوں نے مواصلات کو ترقی دی
(A) گھڑسواری سے (B) اونٹوں سے (C) کبوتروں سے (D) ریل گاڑیوں سے

5- "گنجینۂ گوہر" سے سبق لیا گیا ہے
(A) دستک (B) ایوب عباس (C) محسن الملک (D) مولوی نذیر احمد دہلوی

**(ب)** مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجئے: (5)

6- میں نے آج اخبار نہیں
(A) پڑھی (B) پڑھا (C) پڑھے (D) پڑھیں

7- میاں بیوی ہنسی خوشی
(A) رہتی ہے (B) رہتے ہیں (C) رہتا ہے (D) رہتی ہیں

8- میں نے بہت سمجھایا ________ وہ اپنی ضد پر قائم رہا۔
(A) اگرچہ (B) بلکہ (C) پر (D) تو

9- "کلیاتِ مجید" چھپ
(A) گئی ہے (B) گئے ہیں (C) گیا ہے (D) گئیں ہیں

10- واہ! املا تو بہت
(A) اچھے ہیں (B) اچھا ہے (C) اچھی ہیں (D) اچھی ہے

**(ج)** رموزِ اوقاف کو ملحوظ رکھتے ہوئے، درست جواب کا انتخاب کیجئے: (5)

11- ختمہ کی تعریف ہے
(A) مختصر ٹھہراؤ (B) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ (C) مکمل ٹھہراؤ (D) مخاطب کرنا

12- کسی کا قول اسی کے الفاظ میں نقل کرنا ہو تو علامت استعمال ہوتی ہے
(A) سکتہ (B) وقفہ (C) قوسین (D) واوین

13- استفہامیہ کی تعریف ہے
(A) جملے کی وضاحت (B) پکارنا (C) تفصیل بتانا (D) پوچھنا یا دریافت کرنا

14- کسی جملے میں وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے
(A) سکتہ (B) رابطہ (C) فجائیہ (D) واوین

15- اظہارِ خفگی کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے
(A) فجائیہ (B) استعجابیہ (C) ندائیہ (D) ختمہ

**(د)** اِمدادی اَفعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجئے: (5)

16- رکھنا:
(A) تمھارا نام کس نے رکھا؟ (B) تم اپنا خیال رکھا کرو۔ (C) میں نے کتاب سنبھال رکھی ہے۔ (D) یہ گلاس رکھ دو۔

17- دینا:
(A) مجھے کھانا دو۔ (B) پودوں کو پانی جلدی دینا۔ (C) قرض ادا کرو۔ (D) ہر روز صدقہ دیا کرو۔

18- پانا:
(A) نیکی کا صلہ پایا۔ (B) آپ کی بات نہیں سمجھا۔ (C) ہم نے کیا کھویا کیا پایا؟ (D) یہ خربوزے ہم نے میٹھے پائے۔

19- چکنا:
(A) ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات۔ (B) آج حساب چکا دیا۔ (C) میں کھانا کھا چکی ہوں۔ (D) یہ گھڑا چکنا ہے۔

20- ہونا:
(A) شام ہوگئی ہے۔ (B) اس طرح تو ہوتا ہے۔ (C) میں نے کھانا کھایا ہوا ہے۔ (D) پھر کیا ہوا؟

304-(I)-1st A 423-68000

www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

اُردو (لازمی) پہلا گروپ (1st A 423) انٹرمیڈیٹ پارٹ-II، کلاس 12th پرچہ II

وقت: 2:40 گھنٹے انشائی مارکس: 80

pakcity.org

## حصّہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1=10)

ترا شباب امانت ہے ساری دنیا کی ...... تو خارزارِ جہاں میں گُلاب پیدا کر
سکون خواب ہے بے دست و پا ضعیفی کا ...... تو اِضطراب ہے خود اِضطراب پیدا کر

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3+3+3+1=10)

موت! کیا آ کے فقیروں سے تجھے لینا ہے ...... مرنے سے آگے ہی ، یہ لوگ تو مر جاتے ہیں
دید و اُدید جو ہو جائے ، غنیمت سمجھو ...... جُوں شَرر ورنہ ہم اے اہلِ نظر جاتے ہیں
بے ہنر ، دشمنِ اہلِ ہنر سے ، آ کر ...... منہ پہ چڑھتے تو ہیں ، پر جی سے اُتر جاتے ہیں

## حصّہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) عمر بن عبدالعزیزؒ کی حکومت وسلطنت کا اصل اصول مساوات اور جمہوریت تھا۔ یعنی یہ کہ تمام لوگ یکساں حقوق رکھتے ہیں اور بادشاہ کو کسی پر کسی قسم کی ترجیح حاصل نہیں۔صرف ملکی امور میں نہیں بلکہ معاشرت اور ذاتی زندگی میں بھی عمر بن عبدالعزیزؒ اس کا لحاظ رکھتے تھے۔ ان کے کھانے کا یہ طریقہ تھا کہ عام مسلمانوں کے لیے جو لنگر خانہ تھا، اُس میں ایک درہم روز بھیج دیا کرتے تھے اور وہیں جا کر عام مسلمانوں کے ساتھ کھا لیتے تھے۔

(ب) اس ایسٹ ویسٹ سینٹر کے علاوہ یونی ورسٹی کا میلوں میں پھیلا ہوا احاطہ بھی ایک دیدہ زیب سبزہ زار ہے۔ ہر قدم پر گل آویزاں رَوِشیں اور بتدریج باڑیں، لیکن اس کے علاوہ جو سب سے دل پذیر عنصر اس فضا میں پایا جاتا تھا وہ تھا بین الاقوامی طلبہ کا ربط ضبط۔ جنوبی بحرالکاہل سے لے کر جاپان ، انڈونیشیا ، برما ، ملایا ، فلپائن ، کوریا ، ویتنام ، فجی کے جزائر ، آسٹریلیا ، پاکستان ، ہندوستان ، یورپ اور امریکا کے جواں سال جویندگانِ علم، یہ معاشرتی تنوّع بھی ایک تعلیمی حیثیت رکھتا تھا۔

(ورق اُلٹیے)



4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1 =10)

(i) نواب محسن الملک (ii) مولانا ظفر علی خاں

5 - اَسرارالحق مجاز کی نظم " نوجوان سے خطاب " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) محسنِ انسانیت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم (ii) فنی تعلیم (iii) انٹرنیٹ - فوائد اور نقصانات

7 - منشیات کے بڑھتے ہوئے رجحان کی طرف توجہ دلانے کے لیے اخبار کے مدیر کو خط لکھیے۔ (10)



Please visit for more data at: www.pakcity.org

Gujranwala Board-2023-G-2

رول نمبر اُمیدوار : ....................

**اُردو (لازمی)** **دوسرا گروپ** **(1st A 423-IV) انٹرمیڈیٹ پارٹ-II، کلاس 12th** **پرچہ II**

**وقت: 20 منٹ** **معروضی** ...... **Code: 8028** **مارکس: 20**

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

pakcity.org

.1 **(الف)** درست جواب کا اِنتخاب کیجیے : **(5)**

1 - حیدر آباد سے پنشن لے کر مولوی نذیر احمد آئے
(A) دلی (B) لکھنؤ (C) پانی پت (D) علی گڑھ

2 - ڈرامہ "قرطبہ کا قاضی" میں قاضی کا نام تھا
(A) عبداللہ (B) زبیر (C) منصور (D) یحییٰ بن منصور

3 - مکران کا گورنر تھا
(A) محمد بن ہارون (B) ولید بن عبدالملک (C) حجاج بن یوسف (D) مسلمہ بن عبدالملک

4 - ڈاکٹر زیدی جس مرض میں مبتلا تھا
(A) نمونیا (B) وہم (C) ملیریا (D) تپ دِق

5 - خدا کسی شریف انسان کو نہ لے جائے
(A) دہلی (B) لکھنؤ (C) کلکتہ (D) ممبئی

**(ب)** مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے : **(5)**

6 - گھر ماں کی سلطنت ______ ۔
(A) ہوتی ہے (B) ہوتے ہیں (C) ہوتا ہے (D) ہوتیں ہیں

7 - وہ محنتی ہے ______ ذہین نہیں۔
(A) کیونکہ (B) چوں کہ (C) تاکہ (D) البتہ

8 - وہ صرف حافظ ہی نہیں ______ عالم بھی ہے۔
(A) بلکہ (B) جب کہ (C) حالاں کہ (D) اگرچہ

9 - ______ دوا کی توں توں مرض بڑھتا گیا۔
(A) جیسے جیسے (B) جوں جوں (C) تیسے تیسے (D) توں توں

10 - فضول باتوں سے رعب اور وقار ______ ۔
(A) جاتے رہتے ہیں (B) جاتی رہتی ہے (C) جاتیں رہتیں ہیں (D) جاتا رہتا ہے

**(ج)** رموزِ اوقاف کو ملحوظ رکھتے ہوئے، درست جواب کا انتخاب کیجیے **(5)**

11 - جملۂ معترضہ کو لکھا جاتا ہے
(A) واوین میں (B) قوسین میں (C) تفصیلیہ میں (D) سوالیہ میں

12 - فجائیہ استعمال ہوتا ہے
(A) جذبات کے اظہار کے لیے (B) مکمل ٹھہراؤ کے لیے (C) قول کے اردگرد (D) مختصر ٹھہراؤ کے لیے

13 - تفصیلیہ کی علامت ہے
(A) : (B) ! (C) ( ) (D) :-

14 - اُف ______ کتنی گرمی ہے۔
(A) ! (B) : (C) ؟ (D) -

15 - ( : ) یہ علامت ہے
(A) وقفہ کی (B) رابطہ کی (C) سکتہ کی (D) ندائیہ کی

**(د)** اِمدادی اَفعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجیے : **(5)**

16 - رکھنا :
(A) تمہارا نام کس نے رکھا؟ (B) تمہارا خط سنبھال رکھا ہے۔ (C) کتاب واپس رکھ دو۔ (D) اپنا خیال رکھنا۔

17 - ہونا :
(A) بچہ سویا ہوا ہے۔ (B) جلسہ ہو رہا ہے۔ (C) ناراض مت ہونا۔ (D) وہ تندرست ہو گیا۔

18 - رہنا :
(A) وہ لاہور رہتا ہے۔ (B) تم پریشان کیوں رہتے ہو۔ (C) ہم مری جا رہے ہیں۔ (D) وہ ساری عمر کرائے کے مکان میں رہا۔

19 - کرنا :
(A) تم فکر نہ کرنا۔ (B) نماز پڑھا کرو۔ (C) وہ تقریر کرتا رہتا ہے۔ (D) کچھ تو ہمارا خیال کرو۔

20 - لگنا :
(A) تم میرے کیا لگتے ہو؟ (B) علی سکول جانے لگا ہے۔ (C) لگتا ہے بارش ہو گی۔ (D) کشتی کنارے لگ گئی ہے۔

305-(IV)-1st A 423-63000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

اُردو (لازمی)　　دوسرا گروپ　　(1st A 423) انٹرمیڈیٹ پارٹ-II، کلاس 12th　　پرچہ II

وقت: 2:40 گھنٹے　　انشائی　　مارکس: 80

pakcity.org

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1=10)

سراپا مَعصِیَت میں ہوں ، سراپا مغفرت وہ ہے ...... خطا کوشی روش میری ، خطا پوشی ہے کام اس کا
مری افتادگی بھی میرے حق میں اس کی رحمت تھی ...... کہ گرتے گرتے بھی میں نے لیا دامن ہے تھام اُس کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3+3+3+1=10)

خبر ملی ہے خدایانِ بحر و بر سے مجھے ...... فرنگ رہ گزرِ سیلِ بے پناہ میں ہے
تلاش اس کی فضاؤں میں کر نصیب اپنا ...... جہانِ تازہ مِری آہِ صبح گاہ میں ہے
مِرے کدو کو غنیمت سمجھ کہ بادۂ ناب ...... نہ مدرسے میں ہے باقی نہ خانقاہ میں ہے

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) ان کا ایک اور کارنامہ جو نہایت قابلِ قدر ہے، سلاطین بنی اُمیہ کی ناجائز کارروائیوں کا مٹانا تھا۔ سلاطین بنی امیہ نے ملک کا بڑا حصہ، جو زمینداری کی حیثیت سے رعایا کے قبضہ میں تھا، اپنے خاندان کے ممبروں کو جاگیر میں دے دیا تھا۔ جس طرح سلاطینِ تیموریہ کے زمانے میں بڑے بڑے صوبے شہزادوں کی جاگیر میں دے دیے جاتے تھے۔ عمر بن عبدالعزیزؒ تختِ خلافت پر بیٹھے تو سب سے پہلے ان کو اِس کا خیال ہوا، لیکن ایسا کرنا تمام خاندانِ خلافت کو دشمن بنا لینا تھا۔ تاہم انھوں نے اس کی کچھ پروانہ کی۔

(ب) تاحدِ نظر سبزہ ، یوں احساس ہُوا کہ جزیرے اوواہو میں کُہنہ مشق کائنات نئے سرے سے شباب پر آئی ہے۔ اس کے ننّھے مُنّے رقبے میں فطرت کا ہر رنگ ہر انگ پایا جاتا ہے۔ سمندر یہاں عمیق تر ہوتا چلا گیا ہے۔ یہ جنوبی یورپ کے آبی کناروں سے زیادہ نیلا اور چمکیلا ہے۔ دوپہر کے وقت اس نیلم کی بھڑک آنکھیں خیرہ کر دیتی ہے۔ میں نے وِجدانی حُسن میں اس طرح ڈوبے ہوئے ساحل بہت کم دیکھے ہیں۔ یہاں کے کوہساروں نے اس جزیرے کے گول چہرے کو ایک نیا زاویہ بخشا ہے۔ یہ کہیں سنگلاخ ہیں اور کہیں اتنے سبز کہ ازلی برساتوں کا رَین بسیرا معلوم ہوتے ہیں۔

(ورق اُلٹیے)



4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1 =10)

(i) دستک　(ii) ایوب عباسی

5 - سید ضمیر جعفری کی نظم " آدمی " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصّل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) اُستاد کا احترام　(ii) محنت کی عظمت　(iii) کورونا وائرس اور ہماری ذمہ داریاں

7 - کسی اخبار کے ایڈیٹر کے نام خط لکھ کر بڑھتے ہوئے ٹریفک حادثات پر تشویش کا اظہار کیجیے۔ (10)



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2022

امیدوار ________

اُردو (لازمی) (پہلا گروپ) 422 - (II) (انٹرمیڈیٹ پارٹ II، کلاس 12th) پرچہ II

وقت: 20 منٹ معروضی ...... Code: 8023 کل نمبر: 20

ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

(الف) درست جواب کا انتخاب کیجیے: (5)

1 - " نئی دنیا " کا کولمبس ________ تھا۔
(A) ظفر علی خان (B) مولانا شائق احمد (C) چراغ حسن حسرت (D) حکیم غلام مصطفیٰ

2 - نواب محسن الملک نے ________ کا بجٹ بنایا۔
(A) جوناگڑھ (B) دِلّی (C) حیدرآباد (D) پٹیالہ

3 - ملتان کے گورنر کا نام ________ تھا۔
(A) محمد بن قاسم (B) ہارون بن محمد (C) محمد بن ہارون (D) احمد ہارون

4 - پشاور میں مصنف کے مطابق پی آئی اے کا دفتر ________ ہوٹل میں تھا۔
(A) ڈین (B) انٹرنیشنل (C) شالیمار (D) پشاور

5 - حلاوہ، زبیر کی ________ لگتی تھی۔
(A) ماں (B) خالہ (C) دایہ (D) بہن

(ب) مطابقت اور حروف کا درست استعمال مدِنظر رکھ کر درست جواب کا انتخاب کیجیے: (5)

6 - محنت کرو کامیابی اور ناکامی اللہ کے ہاتھ میں ________ ۔
(A) ہوتی ہیں (B) ہوتیں ہیں (C) ہوتی ہے (D) ہووے ہے

7 - میں نے بہت سمجھایا ________ ہشام نہیں مانا۔
(A) اگرچہ (B) بلکہ (C) چنانچہ (D) لیکن

8 - لڑکے اور لڑکیاں تعلیم حاصل ________ ہیں۔
(A) کرتی (B) کرتے (C) کریں (D) کرے

9 - قمیض شلوار یہاں ________ ۔
(A) رکھا ہے (B) رکھی ہے (C) رکھے ہیں (D) رکھی ہیں

10 - یہ عورت ________ گاتی ہے۔
(A) اچھی (B) اچھے (C) اچھا (D) اچھا اچھا

(ج) رموزِ اوقاف کو ملحوظ رکھتے ہوئے، درست جواب کا انتخاب کیجیے: (5)

11 - اُف کتنی گرمی ہے ...... اُف کے بعد کون سی علامت آئے گی؟
(A) ( ۔ ) (B) ( ؟ ) (C) ( ! ) (D) ( " " )

12 - جملہ معترضہ کے شروع اور آخر میں کون سی علامت لگاتے ہیں؟
(A) قوسین (B) واوین (C) رابطہ (D) سکتہ

13 - مخففات کے بعد کون سی علامت استعمال ہوتی ہے؟
(A) ( ! ) (B) ( ۔ ) (C) ( :- ) (D) ( ؟ )

14 - کسی کو پکارنے یا مخاطب کرنے کیلئے کون سی علامت استعمال ہوتی ہے؟
(A) واوین (B) ندائیہ (C) رابطہ (D) ختمہ

15 - میں لڑکا ہوں ...... آخر میں کون سی علامت آئے گی؟
(A) رابطہ (B) سکتہ (C) ختمہ (D) سوالیہ

(د) اِمدادی اَفعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجیے: (5)

16 - جانا:
(A) افہام کالج چلا گیا۔ (B) مجھے کہاں جانا ہے؟ (C) وہ سکول جائے گا۔ (D) وقت پر گھر جایا کرو۔

17 - رہنا:
(A) مجھے یہاں رہنا ہے۔ (B) وہ فیصل آباد رہتا ہے۔ (C) اب رہنے بھی دو۔ (D) وہ روتا رہتا ہے۔

18 - اُٹھنا:
(A) یہ دُھواں سا کہاں سے اُٹھتا ہے؟ (B) ہم صبح سویرے اُٹھ بیٹھے۔ (C) بچہ بھوک سے بلبلا اُٹھا۔ (D) بچے نے بستہ اُٹھا لیا۔

19 - پڑنا:
(A) وہ تو کب سے بیمار پڑا ہے؟ (B) مجھے ضروری کام پڑ گیا ہے۔ (C) آپ کی چھت پر گیند پڑی ہے۔ (D) بوڑھا لڑکھڑایا اور گر پڑا۔

20 - پانا:
(A) میں نے اسے گھر پر پایا۔ (B) میں نے عمر کو اُداس پایا۔ (C) میں اسے نہیں مل پایا۔ (D) تم کتنی تنخواہ پاتے ہو؟

303-(II)-422-83000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2022

اُردو (لازمی) (پہلا گروپ) 422 (انٹرمیڈیٹ پارٹ II، کلاس 12th) پرچہ II

وقت: 2:40 گھنٹے (انشائی طرز) مارکس: 80

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1=10)

ہر اِک ذرّہ فضا کا داستاں اُس کی سُناتا ہے ...... ہر اِک جھونکا ہوا کا آ کے دیتا ہے پیام اُس کا
سراپا مَعصِیَت میں ہوں ، سراپا مغفرت وہ ہے ...... خطا کوشی روش میری ، خطا پوشی ہے کام اُس کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3+3+3+1=10)

بس کہ دُشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا ...... آدمی کو بھی مُیسّر نہیں انساں ہونا
وائے دیوانگیٔ شوق کہ ہر دم مُجھ کو ...... آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا
عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنّا مت پوچھ ...... عیدِ نظارہ ہے شمشیر کا عُریاں ہونا

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) زلفن اُلٹے پاؤں دوڑی گئی۔ جُگن کو اِدھر اُدھر دیکھا، کہیں پتا نہ تھا۔ مزاج دار سے آ کر کہا: ''بی جُگن کا تو کہیں پتا نہیں۔ میں بازار تک دیکھ آئی۔ اتنی دیر میں نہیں معلوم کہاں غائب ہوگئی۔'' یہ سن کر مزاج دار سر پیٹنے لگی: ''ہائے! میں لٹ گئی! ہائے! میں لٹ گئی! ارے لوگو! خدا کے لیے دوڑیو۔''

(ب) ان کا ایک اور کارنامہ جو نہایت قابلِ قدر ہے، سلاطینِ بنی اُمیّہ کی ناجائز کارروائیوں کا مٹانا تھا۔ سلاطینِ بنی اُمیّہ نے ملک کا بڑا حصہ، جو زمینداری کی حیثیت سے رعایا کے قبضے میں تھا، اپنے خاندان کے ممبروں کو جاگیر میں دے دیا تھا۔ جس طرح سلاطینِ تیموریہ کے زمانے میں بڑے بڑے صوبے شہزادوں کی جاگیر میں دے دیے جاتے تھے۔

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنّف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1 =10)

(i) پہلی فتح (ii) مولوی نذیر احمد دہلوی

5 - اسرار الحق مجاز کی نظم " نوجوان سے خطاب " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) اُردو زبان : ضرورت و اہمیت ۔
(ii) ماحولیاتی آلودگی ۔
(iii) عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی ۔

7 - اپنے دوست کے نام خط لکھ کر ایک تاریخی مقام کی سیر کا احوال بیان کیجیے۔ (10)

303-422-83000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2022

رول نمبر اُمیدوار : ______________

اُردو (لازمی) (دوسرا گروپ) (I) - 422 - انٹرمیڈیٹ پارٹ II، کلاس 12th پرچہ II

وقت: 20 منٹ معروضی ...... Code: 8022 مارکس: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

.1 (الف) درست جواب کا انتخاب کیجیے : (5)

1 - اُم عمر حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کی ______ لگتی تھیں۔
(A) ماں (B) بہن (C) خالہ (D) پھوپھی

2 - ندوۃ العلماء ______ میں قائم کیا گیا۔
(A) لکھنؤ (B) دِلّی (C) علی گڑھ (D) لاہور

3 - مسلمانوں کے قائم کردہ محکمۂ ڈاک کا نام ______ تھا۔
(A) دیوانِ خاص (B) دیوانِ ڈاک (C) دیوانِ البرید (D) البرید جدید

4 - مصنف نے ______ برس کی عمر میں مولوی نذیر احمد کو دیکھا تھا۔
(A) پانچ (B) چھے (C) سات (D) آٹھ

5 - ایوب عباسی نے مصنف کو ______ پہننے کا مشورہ دیا۔
(A) شیروانی (B) سوٹ (C) کُرتا (D) پتلون

(ب) مطابقت اور حروف کا درست استعمال مدِنظر رکھ کر درست جواب کا انتخاب کیجیے : (5)

6 - ماں، بیٹا حج کرنے ______ ۔
(A) چلے گئے (B) چلا گیا (C) چلی گئی (D) چلی گئیں

7 - فہد پاس ہو گیا ______ اس کا بھائی فیل ہو گیا۔
(A) جبکہ (B) [illegible] (C) اگرچہ (D) چنانچہ

8 - یہاں دھوپ اور روشنی خوب ______ ۔
(A) پڑتی ہے (B) پڑتی ہیں (C) پڑتے ہیں (D) پڑتیں ہیں

9 - روزنامہ "جنگ" باقاعدگی سے ______ ۔
(A) پڑھی جاتی ہے (B) پڑھا جاوے (C) پڑھی جاوے (D) پڑھا جاتا ہے

10 - افہام اور ہشام مری ______ ۔
(A) چلا گیا (B) چلیں گے (C) چلے گئے (D) چلے گئیں

(ج) رموزِ اوقاف کو ملحوظ رکھتے ہوئے، درست جواب کا انتخاب کیجیے : (5)

11 - جہاں سکتہ سے زیادہ ٹھہرنا ہو وہاں کون سی علامت آئے گی؟
(A) ( ، ) (B) ( ؛ ) (C) (D) ( ۔ )

12 - ایم بی بی ایس ...... ان الفاظ میں کون سی علامت آئے گی؟
(A) سوالیہ (B) ندائیہ (C) وقفہ (D) ختمہ

13 - آپ کہاں چلے ...... آخر میں کون سی علامت آئے گی؟
(A) ( ۔ ) (B) ( ؟ ) (C) ( :- ) (D) ( : )

14 - کسی اقتباس یا قول کے دونوں جانب کون سی علامت لگاتے ہیں؟
(A) خط (B) واوین (C) رابطہ (D) وقفہ

15 - ہیلو ...... اس کے بعد کون سی علامت آئے گی؟
(A) ( ! ) (B) ( ، ) (C) ( : ) (D) ( ۔ )

(د) اِمدادی اَفعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجیے : (5)

16 - چاہنا :
(A) جب دل چاہے آنا۔ (B) چاہنا کوئی بری بات نہیں۔ (C) تم کیا چاہتے ہو؟ (D) خیام کوئی کام چاہتا ہے۔

17 - رکھنا :
(A) قلم کہاں رکھا ہے؟ (B) کتابیں میز پر رکھ دیں۔ (C) تنویر نے روزہ رکھا ہے۔ (D) ہم نے اسے سر پر بٹھا رکھا ہے۔

18 - دینا :
(A) مجھے اپنی کتاب دو۔ (B) کسی کو اُدھار مت دینا۔ (C) نعیم کو یہ بات سمجھا دو۔ (D) ذرا اپنا قلم دینا۔

19 - جانا :
(A) مجھے گاؤں جانا ہے۔ (B) مجھے کالج جلدی جانا ہے۔ (C) تمھیں یہاں سے جانا ہو گا۔ (D) تم کمرے سے نکل جاؤ۔

20 - ڈالنا :
(A) دودھ میں پتی ڈالو۔ (B) سانپ کو مار ڈالا۔ (C) مسجد میں چندہ ڈالو۔ (D) پودوں کو پانی ڈالنا۔



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2022

اُردو (لازمی) (دوسرا گروپ) 422 (انٹرمیڈیٹ پارٹ II، کلاس 12th) پرچہ II

وقت: 2:40 گھنٹے (انشائی طرز) مارکس: 80

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1=10)

پہنچتا ہے ہر اِک مے کش کے آگے دورِ جام اُس کا ...... کسی کو تشنہ لب رکھتا نہیں ہے لطفِ عام اُس کا
گواہی دے رہی ہے اس کی یکتائی پہ ذات اُس کی ...... دوئی کے نقش سب جھوٹے ، ہے سچا ایک نام اُس کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3+3+3+1=10)

بس کہ دُشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا ...... آدمی کو بھی مُیسّر نہیں انساں ہونا
وائے دیوانگیٔ شوق کہ ہر دم مُجھ کو ...... آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا
عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا مت پوچھ ...... عیدِ نظارہ ہے شمشیر کا عُریاں ہونا

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) ہماری تاریخ میں آپ کو کوئی ایسا واقعہ نہیں ملے گا، جب سالار کی شہادت سے بد دل ہو کر مجاہدوں نے ہتھیار ڈال دیے ہوں۔ ہم بادشاہوں اور سالاروں کے لیے نہیں لڑتے۔ ہم خدا کے لیے لڑتے ہیں۔ بادشاہوں اور سالاروں پر بھروسہ کرنے والے ان کی موت کے بعد مایوس ہو سکتے ہیں لیکن ہمارا خدا ہر وقت موجود ہے۔ قرآن میں ہمارے لیے اس کے احکام موجود ہیں۔ میں دعا کرتا ہوں کہ خدا مجھے قوم کے لیے رستم نہ بنائے بلکہ مجھے مثنیٰ ؓ بننے کی توفیق دے، جن کی شہادت نے ہر مسلمان کو جذبہ شہادت سے سرشار کر دیا تھا۔

(ب) ڈھلتے سورج میں بحر الکاہل کروٹیں بدل رہا تھا اور چاروں طرف زمرد کی آمریت مستحکم ہو چکی تھی۔ تاحدِ نظر سبزہ ہی سبزہ ، یوں احساس ہوا کہ جزیرے اوواہو میں کہنہ مشق کائنات نئے سرے سے شباب پر آئی ہے۔ اس کے ننھے منے رقبے میں فطرت کا ہر رنگ ہر انگ پایا جاتا ہے۔ سمندر یہاں عمیق تر ہوتا چلا گیا ہے۔ یہ جنوبی یورپ کے آبی کناروں سے زیادہ نیلا اور چمکیلا ہے۔ دوپہر کے وقت اس نیلم کی بھڑک آنکھیں خیرہ کر دیتی ہے۔ میں نے وجدانی حسن میں اس طرح ڈوبے ہوئے ساحل بہت کم دیکھے ہیں۔

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1 =10)

(i) محنت پسند خردمند (ii) مولانا ظفر علی خان

5 - سید ضمیر جعفری کی نظم " آدمی " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) کرونا وائرس اور ہماری ذمہ داریاں ۔

(ii) میری پسندیدہ شخصیت ۔

(iii) منشیات اور اس کی روک تھام ۔

7 - عیدالفطر کی تقریب سعید پر دوست کے نام تہنیت کا خط لکھیے۔ (10)

304-422-83000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2019

رول نمبر اُمیدوار : ____________

اردو (لازمی) (پہلا گروپ) 419 - (II) (انٹرمیڈیٹ پارٹ II) پرچہ II

وقت: 20 منٹ معروضی مارکس: 20

**Code: 8023**

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

.1 (الف) درست جواب کا اِنتخاب کیجئے : (5)

1 - مولوی نذیر احمد ______ سے فارغ التحصیل ہوئے۔
(A) علی گڑھ کالج (B) دلی کالج (C) امرتسر کالج (D) گورنمنٹ کالج

2 - قرطبہ کے قاضی کا نام ______ تھا۔
(A) عبداللہ (B) منصور (C) علاوہ (D) یحییٰ

3 - علی گڑھ کالج ______ میں یونیورسٹی کے درجے تک پہنچا۔
(A) 1920ء (B) 1921ء (C) 1922ء (D) 1923ء

4 - مزاج دار بہو نے کہا: میرے پاس ______ روپے نہیں ہیں۔
(A) تیس (B) چالیس (C) پچاس (D) ساٹھ

5 - دمشق سے روانگی کے وقت محمد بن قاسم کی فوج ______ ہزار تھی۔
(A) تین (B) چار (C) پانچ (D) چھ

(ب) مطابقت اور حروف کا درست استعمال مدِّنظر رکھ کر درست جواب کا انتخاب کیجئے : (5)

6 - وہ دیر سے آیا ______ کام مکمل کر کے لایا۔
(A) کہ (B) چونکہ (C) البتہ (D) تاکہ

7 - میری تنخواہ بڑھا دو ______ کام چھوڑ دوں گا۔
(A) اگر (B) کہ (C) البتہ (D) ورنہ

8 - علی نے کتاب، قلم اور کاپی ______ ۔
(A) خریدے (B) خریدی (C) خریدا (D) خریدیں

9 - گھر ماں کی سلطنت ______ ۔
(A) ہوتا ہے (B) ہوتی ہے (C) ہوتے ہیں (D) ہوتی ہیں

10 - اس کا پلاٹ، مکانات، دکانیں سب کچھ بک ______ ۔
(A) گئے (B) گئیں (C) گیا (D) گئی

(ج) رموزِ اوقاف کو ملحوظ رکھتے ہوئے، درست جواب کا انتخاب کیجئے : (5)

11 - فجائیہ کی علامت ______ ہے۔
(A) ، (B) ؛ (C) : (D) !

12 - سب سے مختصر ٹھہراؤ کی علامت ______ ہے۔
(A) سکتہ (B) وقفہ (C) واوین (D) خط

13 - واہ ______ کتنا سہانا موسم ہے۔
(A) ! (B) ، (C) ۔ (D) :

14 - "تم کہاں جا رہے ہو" جملے کے آخر میں ______ کی علامت آئے گی۔
(A) سکتہ (B) وقفہ (C) سوالیہ (D) ختمہ

15 - (:-) یہ علامت ______ کہلاتی ہے۔
(A) خط (B) تفصیلیہ (C) رابطہ (D) قوسین

(د) اِمدادی اَفعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجئے : (5)

16 - رہنا:
(A) دن بھر شور رہا۔ (B) تم کہاں رہتے ہو؟ (C) اصولوں پر قائم رہو۔ (D) وہ آرام سے رہ رہا ہے۔

17 - اُٹھنا:
(A) امجد دیر سے اُٹھا۔ (B) اُس کا چہرہ کھِل اُٹھا۔ (C) آپ کب اُٹھیں گے؟ (D) دیر سے اُٹھنا بُری بات ہے۔

18 - پانا:
(A) وہ وقت پر نہ پہنچ پایا۔ (B) سوچو! کیا کھویا، کیا پایا۔ (C) محنت کا پھل پاؤ۔ (D) اچھے لوگ عزت پاتے ہیں۔

19 - دینا:
(A) اُدھار مت دو۔ (B) زکوٰۃ دیا کرو۔ (C) مجھے کتاب دے دو۔ (D) کھیتوں کو پانی دینا ہے۔

20 - ہونا:
(A) تمہیں کیا ہوا ہے؟ (B) پتے بکھرے ہوئے تھے۔ (C) کاش! آج بارش ہو۔ (D) یہ واقعہ کب ہوا؟

305-(II)-419-65000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2019

اردو (لازمی) | (پہلا گروپ) | 419 (انٹرمیڈیٹ پارٹ II) | پرچہ II

وقت: 2:40 گھنٹے | (انشائی طرز) | مارکس: 80

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1=10)

ایک بوسیدہ ، خمیدہ پیڑ کا کمزور ہاتھ ...... سیکڑوں گرتے ہوؤں کی دستگیری کا امیں

آہ! ان گردن فرازانِ جہاں کی زندگی ...... اک جھکی ٹہنی کا منصب بھی جنھیں حاصل نہیں!!

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3x3+1=10)

اے ہم سخن وفا کا تقاضا ہے اب یہی ...... میں اپنے ہاتھ کاٹ لوں ، تو اپنے ہونٹ سی

کن بے دلوں میں پھینک دیا حادثات نے ...... آنکھوں میں جن کی نور نہ باتوں میں تازگی

میٹھے تھے جن کے پھل ، وہ شجر کٹ کٹا گئے ...... ٹھنڈی تھی جس کی چھاؤں وہ دیوار گر گئی

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) ان کا ایک اور کارنامہ جو نہایت قابلِ قدر ہے، سلاطینِ بنی اُمیہ کی ناجائز کارروائیوں کا مٹانا تھا۔ سلاطینِ بنی اُمیہ نے ملک کا بڑا حصہ، جو زمینداری کی حیثیت سے رعایا کے قبضے میں تھا، اپنے خاندان کے ممبروں کو جاگیر میں دے دیا تھا۔ جس طرح سلاطینِ تیموریہ کے زمانے میں بڑے بڑے صوبے شہزادوں کی جاگیر میں دے دیے جاتے تھے۔ عمر بن عبدالعزیزؒ تختِ خلافت پر بیٹھے تو سب سے پہلے ان کو اِس کا خیال ہوا، لیکن ایسا کرنا تمام خاندانِ خلافت کو دشمن بنا لینا تھا۔ تاہم انھوں نے اس کی کچھ پروا نہ کی۔

(ب) ان دنوں "نئی دنیا" کا دفتر چونا گلی میں ہوا کرتا تھا۔ سڑک کے کنارے ایک چھوٹا سا مکان تھا۔ باہر ایک طرف عصرِ جدید پریس، دوسری طرف حکیم غلام مصطفیٰ کا مطب۔ دروازے سے اندر گھسو تو داہنی طرف نئی دنیا آباد تھی اور بائیں طرف مولانا بشائق احمد عثمانی نے پرانی دنیا بسا رکھی تھی، یعنی اپنے اہل و عیال اور عربی کی بھاری بھرکم کتابوں سمیت رہتے تھے۔ میں اس نئی دنیا کا کولمبس تھا اور مقالۂ افتتاحیہ کے جہاز کے ساتھ ساتھ فکاہات کی کشتی بھی چلاتا تھا، افسوس کہ یہ محفل سال بھر کے اندر اندر برہم ہو گئی، نہ نئی دنیا رہی نہ پرانی دنیا۔

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1 =10)

(i) محنت پسند خرد مند (ii) قرطبہ کا قاضی

5 - احسان دانش کی نظم " تغیر " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) محسنِ انسانیت صلی اللہ علیہ وسلم (ii) انٹرنیٹ کے فوائد و نقصانات (iii) اتحادِ عالمِ اسلام

7 - دوست کے نام خط لکھیے جس میں اُسے بتائیں کہ جسمانی ورزش بیماریوں سے نجات کا ذریعہ ہے۔ (10)

305-419-65000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2019

رول نمبر اُمیدوار : ____________

اُردو (لازمی) (دوسرا گروپ) 419 - (I) (انٹرمیڈیٹ پارٹ II) پرچہ I

وقت: 20 منٹ معروضی مارکس:

Code: 8022

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا

1. (الف) درست جواب کا انتخاب کیجئے : 5)

1 - علامہ ابن جوزی ______ تھے۔
(A) محدث (B) مؤرخ (C) نقاد (D) خلیفہ

2 - ______ پارس پتھر کی خصوصیت کے حامل تھے۔
(A) مولوی نذیر احمد (B) ایوب عباسی (C) محسن الملک (D) مولانا ظفر علی خاں

3 - پنالی جوہری موتیوں کی قیمت ______ دیتا تھا۔
(A) ہزار (B) پانسو (C) پچاس (D) دو سو

4 - پہلا تار اٹلی سے فرانس ______ میں بھیجا گیا۔
(A) 1895ء (B) 1899ء (C) 1948ء (D) 1838ء

5 - ایوب صاحب کا گھر ______ تھرڈ کلاس کا مسافر خانہ بنا رہتا۔
(A) دو مہینے (B) آٹھ مہینے (C) دس مہینے (D) بارہ مہینے

(ب) مطابقت اور حروف کے درست استعمال کو مدِنظر رکھ کر درست جواب کا انتخاب کیجئے : 5)

6 - "خبریں" اخبار روزانہ شائع ______ ۔
(A) ہوتے ہیں (B) ہوتی ہے (C) ہوتی ہیں (D) ہوتا ہے

7 - چچا بھتیجا لڑ ______ ۔
(A) پڑے (B) پڑی (C) پڑا (D) پڑیں

8 - اس کا گھر، جائیداد، کاروبار اور گاڑی سب کچھ بک ______
(A) گئے (B) گئی (C) گیا (D) گئیں

9 - چونکہ احمد بیمار ہے ______ کالج نہ آیا۔
(A) خواہ (B) اس لیے (C) کیونکہ (D) چاہے

10 - وہ گھر نہ گیا ______ دفتر چلا گیا۔
(A) چونکہ (B) ورنہ (C) بلکہ (D) یا

(ج) رموزِ اوقاف کو ملحوظ رکھتے ہوئے، درست جواب کا انتخاب کیجئے : 5)

11 - ختمہ کہلاتا ہے۔
(A) مختصر ٹھہراؤ (B) مختصر ترین ٹھہراؤ (C) تفصیل دینا (D) مکمل ٹھہراؤ

12 - عزیز طلبا کے بعد علامت استعمال ہو گی۔
(A) : (B) ! (C) ؛ (D) " "

13 - خط کی علامت ہے۔
(A) ؟ (B) ______ (C) :- (D) ،

14 - ! علامت ہے۔
(A) جذبات کا اظہار (B) دو جملوں کو ملانا (C) سوال پوچھنا (D) مختصر ترین ٹھہراؤ

15 - ایم بی ایس کے درمیان علامت ہو گی۔
(A) تفصیلیہ (B) سوالیہ (C) ختمہ (D) قوسین

(د) امدادی اَفعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجئے : 5)

16 - ہونا:
(A) یہاں روزانہ بارش ہوتی ہے۔ (B) بچوں نے کام مکمل کیا ہوا ہے۔ (C) میرا شاہد سے جھگڑا ہو گیا۔ (D) جو ہونا تھا وہ ہو گیا۔

17 - رہنا:
(A) آج کل کہاں رہتے ہو؟ (B) تیز چلو ورنہ پیچھے رہ جاؤ گے۔ (C) تم کہاں جا رہے ہو؟ (D) مولوی صاحب مسجد میں رہتے

18 - لگنا:
(A) وہ تیز تیز قدم اُٹھانے لگا۔ (B) عمران تمہارا کیا لگتا ہے؟ (C) اسے جُرمانہ لگ گیا۔ (D) ٹی وی پر ڈراما لگ گیا۔

19 - اُٹھنا:
(A) گلاس زمین سے اُٹھا لو۔ (B) اَب اُٹھ بھی جاؤ۔ (C) دُھواں کہاں سے اُٹھ رہا ہے؟ (D) وہ خوشی کی خبر سن کر کھِل اُٹھا۔

20 - لینا:
(A) بازار سے دہی لے آؤ۔ (B) وہ سو روپے اُدھار لے گیا۔ (C) پولیس نے چور کو پکڑ لیا۔ (D) اَب لے دے بند کرو۔

30(C-I)-419-63000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2019

اردو (لازمی) (دوسرا گروپ) 419 (انٹرمیڈیٹ پارٹ II) پرچہ II

وقت: 2:40 گھنٹے (انشائی طرز) مارکس: 80

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1=10)

رُو نما کب ہو گا راہِ زیست پر منزل کا چاند ...... ختم کب ہو گا اندھیروں کا سفر، خیرالبشرؐ
کب ملے گا ملّتِ بیضا کو پھر اوجِ کمال ...... کب شبِ حالات کی ہو گی سَحر، خیرالبشرؐ

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3x3+1=10)

جب عشق سکھاتا ہے آدابِ خود آگاہی ...... کھلتے ہیں غلاموں پر اَسرارِ شہنشاہی
عطّار ہو، رومی ہو، رازی ہو، غزالی ہو ...... کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہِ سحر گاہی
نومید نہ ہو اِن سے اے رہبرِ فرزانہ! ...... کم کوش تو ہیں لیکن بے ذوق نہیں راہی

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) وہ جوہر قابل تھے مگر موقعے کی تاک میں تھے۔ حیدر آباد میں ان کی سیاست دانی، تدبّر، انتظامی قابلیت کے جوہر کھلے۔ اُن کا ذہن ایسارسا، اُن کی طبیعت ایسی حاضر، اُن کے اوسان ایسے بجا اور معاملات اور واقعات پر ایسا عبور تھا کہ بڑے بڑے پیچیدہ معاملات کو باتوں باتوں میں سلجھا دیتے تھے۔ وہ اگر ٹرکی یا کسی اور سلطنت کے فارن منسٹر ہوتے تو یقیناً دنیا میں بڑا نام پیدا کرتے، بڑے بڑے مدبّر ان کا لوہا مان گئے تھے۔

(ب) پہاڑ پر پہنچے تو عجیب طرح کی خوشبو مہک رہی تھی۔ چلتے چلتے شاہ صاحب تک پہنچے۔ ہُو کا مقام تھا۔ نہ آدمی نہ آدم زاد۔ تن تنہا شاہ صاحب ایک غار میں رہتے تھے۔ کیسی نورانی شکل تھی، جیسے فرشتہ۔ ہم کو دعا دی، بیگم کو بارہ لونگیں دیں اور کچھ پڑھ کر دم کر دیا۔ مجھ سے کہا، چلی جا۔ آگرے اور دلی میں لوگوں کے کام بنا۔ بیٹی، ان بارہ لوگوں میں سے دو لونگیں یہ ہیں۔ ہم سب حج کر کے لوٹے تو نواب صاحب یا تو بیگم کی بات نہ پوچھتے تھے، یا یہ نوبت ہوئی کہ ایک مہینے آگے سے بمبئی میں آ کر بیگم کو لینے کو پڑے تھے۔

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1 =10)

(i) اکبری کی حماقتیں (ii) مولوی نذیر احمد دہلوی

5 - مجید امجد کی نظم " ایک کوہستانی سفر کے دوران میں " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصّل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) کرپشن ایک ناسور (ii) اتحادِ عالمِ اسلام (iii) تعمیرِ وطن میں طلبا کا کردار

7 - اخبار کے مدیر کے نام خط لکھیے جس میں مہنگائی اور اس سے پیدا ہونے والے مسائل پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔ (10)

306-419-63000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2018

اُردو اختیاری | 418 (انٹرمیڈیٹ پارٹ II) | پرچہ II

وقت 30 منٹ | معروضی Code: 8371 | مارکس: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1. 1- جگر کا تعلق کس جگہ سے تھا؟
(A) الہ آباد (B) مراد آباد (C) حیدر آباد (D) وزیر آباد

2- مولوی عبدالحق ___ میں پیدا ہوئے۔
(A) بمبئی (B) دہلی (C) ہاپوڑ ضلع میرٹھ (D) کراچی

3- "یادگارِ غالب" ___ کی تصنیف ہے۔
(A) آزاد (B) حالی (C) شبلی (D) نذیر احمد

4- سبق "ایک وصیت کی تعمیل" کے مصنف کا نام ہے۔
(A) پطرس بخاری (B) فرحت اللہ بیگ (C) رشید احمد صدیقی (D) مشتاق احمد یوسفی

5- کافی پی کر بدن میں … ہے۔
(A) غنودگی (B) تازگی (C) چستی (D) کمزوری

6- بعض الفاظ ___ کی آئینہ داری کرتے ہیں۔
(A) انسانی ضروریات (B) معاشرت (C) جذبات (D) ماحول

7- اصغر گونڈوی کس یونیورسٹی میں زیر تعلیم رہے؟
(A) پنجاب یونیورسٹی (B) الہ آباد یونیورسٹی (C) لکھنؤ یونیورسٹی (D) ان میں سے کوئی نہیں

8- فکر تونسوی نے ___ میں بلند مقام حاصل کیا۔
(A) سیاست (B) تجارت (C) طنز و مزاح (D) انشائیہ

9- علامہ اقبال کی پیدائش کا سال ہے۔
(A) 1857ء (B) 1877ء (C) 1875ء (D) 1887ء

10- حسرت موہانی کے جاری کردہ رسالے کا کیا نام تھا؟
(A) اردو نامہ (B) جام جہاں نما (C) اردوئے معلیٰ (D) اردو زبان و ادب

11- میر درد کا تعلق کس شہر سے تھا؟
(A) دہلی (B) آگرہ (C) لکھنؤ (D) بمبئی

12- "مثنوی" کے معنی ہیں۔
(A) دو دو (B) چار چار (C) چھ چھ (D) آٹھ آٹھ

13- میر کی شاعری کا اہم ترین موضوع ہے۔
(A) طنز و مزاح (B) غم و الم (C) تصوف (D) منظر نگاری

14- "مصحفی" کا اصل نام تھا۔
(A) غلام ربانی (B) غلام صمدانی (C) غلام ہمدانی (D) علی تابانی

15- ذوق نے کب وفات پائی؟
(A) 1854 (B) 1855 (C) 1856 (D) 1857

16- آتش کی شاعری کا تعلق کس دبستان شاعری سے تھا؟
(A) دبستان دہلی (B) دبستان لکھنؤ (C) دبستان لاہور (D) دبستان دکن

17- "مصحفی" کہاں پیدا ہوئے؟
(A) دہلی (B) کلکتہ (C) فیض آباد (D) امروہہ

18- غالب کے والد کا نام کیا تھا؟
(A) مرزا عبداللہ بیگ (B) مرزا نصراللہ بیگ (C) نواب الٰہی بخش (D) اسد اللہ بیگ

19- ولی دکنی کو عام طور پر کہا جاتا ہے غزل کا
(A) سب سے پہلا شاعر (B) سب سے بڑا شاعر (C) باوا آدم (D) مقبول ترین شاعر

20- مشتاق احمد یوسفی نے ایم۔اے کی ڈگری ___ یونیورسٹی سے لی۔
(A) لکھنؤ (B) علی گڑھ (C) عثمانیہ (D) دہلی

346-418-2200

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Gujranwala Board-2018

اردو (لازمی) (پہلا گروپ) 418 - (I) (انٹرمیڈیٹ پارٹ II) پرچہ II

وقت: 20 منٹ — معروضی — مارکس: 20

**Code: 8021**

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

(الف) درست جواب کا انتخاب کیجئے: (5)

1- اَبری کو ______ کے لاڈ پیار نے بگاڑا۔
(A) ماں (B) باپ (C) خالہ (D) نانی

2- سبق "دستک" کا تعلق کس ادبی صنف سے ہے؟
(A) افسانہ (B) ڈراما (C) ناول (D) داستان

3- سبق "ایوب عباسی" کے مصنف ہیں۔
(A) مولانا حالی (B) رشید احمد صدیقی (C) شاہد دہلوی (D) نذیر احمد

4- وائرلیس ______ نے ایجاد کی؟
(A) ایڈیسن (B) سٹیفن (C) نیوٹن (D) مارکونی

5- "عمرِ ثانی" کا لقب دیا گیا ہے۔
(A) حضرت عمر فاروقؓ (B) عمر بن ہشام (C) عمر بن عبدالعزیزؒ (D) ابنِ خلدون

(ب) مطابقت اور حروف کا درست استعمال مدِ نظر رکھ کر درست جواب کا انتخاب کیجئے: (5)

6- جناب تشریف ______ ۔
(A) لاؤ (B) لائے (C) لائیں (D) لائی

7- قلم دوات میز پر ______ ۔
(A) ہیں (B) ہے (C) ہو (D) ہی

8- تقریر ______ آسان نہیں۔
(A) کرنی (B) کرنا (C) کرنے (D) کرو

9- لڑکوں نے شور ______ ۔
(A) مچایا (B) مچائی (C) مچائے (D) مچاؤ

10- چڑیاں اور کبوتر شاخوں پر ______ ہیں۔
(A) بیٹھی (B) بیٹھا (C) بیٹھیں (D) بیٹھے

(ج) رموزِ اوقاف کو ملحوظ رکھتے ہوئے، درست جواب کا انتخاب کیجئے: (5)

11- وقفہ کی تعریف کیجئے۔
(A) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ (B) قول بیان کرنا (C) پکارنا (D) مکمل ٹھہراؤ

12- قوسین کی علامت ہے۔
(A) " " (B) ! (C) ۔ (D) ( )

13- وقفے سے زیادہ ٹھہراؤ کیلئے جو علامت استعمال ہوتی ہے۔
(A) ختمہ (B) رابطہ (C) وقفہ (D) سکتہ

14- ندائیہ کی علامت ہے۔
(A) ۔ (B) : (C) :- (D) !

15- کسی چیز کی تفصیل ظاہر کرنے کی علامت ہے۔
(A) سکتہ (B) رابطہ (C) تفصیلیہ (D) ختمہ

(د) امدادی افعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجئے: (5)

16- پڑنا:
(A) اُسے کام پڑ گیا (B) ہر کسی سے اُلجھنا درست نہیں (C) ہر کسی سے لڑنا بری عادت ہے (D) وہ گر پڑا

17- پانا:
(A) میں یہ سوال بمشکل حل کر پایا (B) وہ اُسے پانا چاہتا ہے (C) اس مسئلے کا حل کیسا پایا؟ (D) میرے لیے اُسے پانا مشکل ہے

18- چکنا:
(A) اُس کا حساب چکا دو (B) اُسے دہی چکھنا ہے (C) سورج ڈوب چکا ہے (D) دہی کو چکھنا

19- چاہنا:
(A) اُس نے وہی کیا جو چاہا (B) بارش آیا چاہتی ہے (C) مجھے انصاف چاہیے (D) آپ چاہتے کیا ہیں

20- لگنا:
(A) وہ آپ کا کیا لگتا ہے؟ (B) وہ رونے لگا (C) گھر میں آگ لگ گئی (D) مجھے سردی لگ رہی ہے



Please visit for more data at: www.pakcity.org